31139 ـ نماز جنازہ میں میت کے لیے پڑھی جانی والی دعائیں

سوال

نماز جنازہ میں اگرعورت یا مرد ہو تودعا کس طرح کی جائے گی اوراگر ایک سے زیادہ جنازے ہوں توکیا پڑھاجائے گا اوراگر بچہ ہوتو پھر کیا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگرتوجنازے زیادہ ہوں تو ان کے لیے جمع کے صیغہ کے ساتھ دعا مانگی جائے گي چاہے وہ مذکر ہوں یا مؤنث مثلا :

اللھم اغفر لھم وارحمھم وعافھم واعف عنھم واکرم نزلھم ووسع مدخلھم واغسلھم بالماءوالثلج والبرد ونقھم من الخطایاکمانقیت الثوب الابیض من الدنس وابدلھم داراخیرا من دارھم واھلاخیرامن اھلھم وزوجاخیرا من زوجھم وادخلھم اللجنۃ واعذھم من عذاب القبروعذاب النار.

اے اللہ انہیں بخش دے ان پر رحم کران پرعافیت کر انہیں معاف کردے ان کی باعزت مہمانی کران کے داخل ہونے کی جگہ وسیع کردے ، انہیں پانی ـ برف اور اولوں کے ساتھ دھو دے ، اورانہیں گناہوں سے اس طرح صاف کردے جس طرح تونے سفید کپڑے کومیل سے صاف کیا ، اورانہیں ان کے گھروالوں سے بہتر گھر والے اوران کی بیویوں سے بہتر بیویاں عطا کر، انہیں جنت میں داخل کر ، انہیں عذاب قبر اورآگ کے عذاب سے محفوظ رکھ ۔

اوراگر دو جنازے ہوں توان کے لیے تثنیہ کا صیغہ لایا جائے مثلا اسی دعا کواس طرح پڑھیں :

اللھم اغفر لھما وارحمھما وعافھما واعف عنھما واکرم نزلھما ووسع مدخلھما واغسلھما بالماءوالثلج والبرد ونقھما من الخطایاکمانقیت الثوب الابیض من الدنس وابدلھما دارا خیرا من دارھما واھلاخیرامن اھلھما وزوجاخیرا من زوجھما وادخلھما اللجنۃ واعذھما من عذاب القبروعذاب النار.

اے اللہ ان دونوں کو بخش دے ان پر رحم کران پرعافیت کر انہیں معاف کردے ان کی باعزت مہمانی کران کے داخل ہونے کی جگہ وسیع کردے ، انہیں پانی ـ برف اور اولوں کے ساتھ دھو دے ، اورانہیں گناہوں سے اس طرح صاف کردے جس طرح تونے سفید کپڑے کومیل سے صاف کیا ، اورانہیں ان کے گھروالوں سے بہتر گھر والے اوران کی

بیویوں سے بہتر بیویاں عطا کر، انہیں جنت میں داخل کر ، انہیں عذاب قبر اورآگ کے عذاب سے محفوظ رکھ ۔

اوربچے کی نماز جنازہ میں مندرجہ ذیل دعا پڑھی جائے گي :

اللھم اجعلہ ذخراً لوالدیہ ، وفرطاً وشفیعاً مجاباً ، اللھم أعظم بہ أجورھما ، وثقل بہ موازینھما ، وألحقہ بصالح سلف المؤمنین ، واجعلہ في کفالۃ إبراھیم علیہ السلام ، وقہ برحمتك عذاب الجحیم

اے اللہ اسے اپنے والدین کے لیے پہلے جا کرمہمانی کی تیاری کرنے والا اورذخیرہ بنادے اورایسا سفارشی بنا جس کی سفارش قبول ہو ، اے اللہ اس کے ذریعہ ان کے اجروثواب کوبڑھا دے ، اوراس کے ساتھ ان کے ترازو بھاری کردے ، اور صالح سلف مومنوں کے ساتھ ملا دے ، اوراسے ابراہیم علیہ السلام کی کفالت میں کردے ، اوراسے اپنی رحمت سے جہنم کے عذاب سے محفوظ رکھ ۔ .